10/05/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

اننت ناگLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اننت ناگ ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقوں کا تعاون طلب کیا ہے ۔

اننت ناگ میں بائز ڈگری کالج سے منشیات مخال پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ منشیات کا ناسور سماج کو کھوکھلا کر رہا ہے اور اس کا قلع قمع کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔

------

اس پد یاترا میں کافی تعداد میں طلباء، تاجروں اور سماج کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی ۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ کشمیر وادی اور گالف کے درمیان ایک گہرا اور تاریخی رشتہ ہے اور یہ کہ وادی گالف کورس ملک کے بہترین گالف کورسوں میں شمار ہو تے ہیں۔

رائل سپرنگس سرینگر میں گالف ٹورنامنٹ کا افتتاح کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ عالمی سط□ کے گالف کورسز نہ □رف مقامی گالف کھلاڑیوں کےلئے تحریک بخش ہونگے، بلکہ اس سے یہاں کی سیاحت میں بھی چار چاند لگ جائیں گے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکار محکمہ سیاحت کے باہمی اشتراک سے اسطرح کے مزید ٹورنامنٹ منعقد کرنے کے منذ□وبے پر غور کر رہی ہے۔ انہوننے کہا کہ یہ بات باعث اطمینان ہے کہ اب جمونو کشمیر سے باہر رہنے والے گالف کھلاڑی سرینگر، گلمرگ اور پہلگام جیسی مقامات پر گالف کھیلنے آ رہے ہیں۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے آج گاندربل کا دورہ کررہے ہیں جہاں وہ40کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی شروعات کریں گے۔

گریز

گریز نذیر احمد خان نے ڈاک بنگلہ داور گریز میں افسروں کی ایک میٹنگ کی MLA دارت کر تے ہوئے گریز سب ڈویژن میں سرکار کی مختلف سکیموں کے تحت جا ری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

مو وف نے رقومات کے موثر استعمال کی ضرورت اُجاگر کر تے ہوئے اس بات پر زور MLA دیا کہ رواں مالی سال میں ایک بھی روپیہ کے لیپس ہونے کی نوبت نہیں آنی چاہئے۔

ایڈمیشن

جموں کشمیر کے سبھی ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ PG کورسز کیلئے داخلے کا عمل کل سے شروع ہو گیا ہے۔

خواہشمند طالب علم ان کورسوں کےلئے27مئی تک آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

اس بارے میں جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

لوک عدالت

وادی کے مختلف اضلاع میں کل2026کی دوسری قومی لوک عدالت منعقد ہوئی۔

ضلع بڈگام میں1ہزار23معاملات سے585معاملات کو باہمی افہام و تفہیم کے ساتھ نپٹایا گیا ہے اورمعاوضے کے طور پر زائد از 91لاکھ روپے واگذار کئے گئے ہیں۔

اسی طرح کی ایک لوک عدالت ضلع اننت ناگ میں بھی منعقد ہوئی جہاں574معاملات کو باہمی افہام کے ساتھ نپٹانے کے بعد ایک کروڑ روپے معاوضے کے طور پر واگذار کئے گئے۔

اسی طرح سے کولگام میں270معاملات نپٹا کر44لاکھ روپے کا معاوضہ// جبکہ بارہمولہ میں1ہزار169 معاملات نپٹا کر ایک کروڑ14لاکھ روپے// شوپیان میں210معاملات نپٹا کر59لاکھ روپے کا معاوضہ واگذار کرایا گیا۔

بانڈی پورہ اور دیگر کئی اضلاع میں بھی نیشنل لوک عدالتیں منعقد کی گئیں۔

یوم مادر

یعنی یوم مادر ہے۔ یہ دن ہر سال مئی کی دوسری اتوار کو منایا جا تا ہے۔یہ دن Mothers Dayآج دنیا بھر میں ماؤں کی شفقت اور ان کی قربانیوں کے اعتراف میں ان کے تئیں سپاس گذاری کا اظہار کرنے کا ایک موقع ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ماں بے لوث محبت، شفقت ، وابستگی اور قربانیوں کا ایک مجسمہ ہوتی ہے۔

-----

ووشو

کشمیر یونیورسٹی میں4سے9مئی کے درمیان منعقدہ کل ہند بین یونیورسٹی ووشو چمپئن شپ میں ملک بھر سے195یونیورسٹیوں سے تعلق رکھنے والے زائد از1600ایتھلیٹوں نے شرکت کی۔

Ansa نے 52کلو گرام وزن کے زمرے میں جبکہAyeera Chisti چمپئن شپ میں نے56کلو گرام وزن کے زمرے میں گولڈ میڈل حا□ل کئے۔سرینگر کے بمنہ علاقے کی Chisti رہنے والی یہ دونوں بہنیں لولی پروفیشنل یونیورسٹی پنجاب کی نمائندگی کر رہی تھیں۔

غور طلب ہے کہ یہ دونوں طالبات2027 میں مردم شماری اور انتخابات کےلئے متعلقہ محکمے کی یوتھ Icons-ہیں

......................................

.......................

........